**[As INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]**

A

BILL

*to prohibit the employment of the children and regulate the employment of adolescents within the Islamabad Capital Territory.*

WHEREAS it is expedient to prohibit the employment of children and regulate the conditions of work for adolescents in order to ensure their rights to education, dignity, health, and protection in accordance with Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, Convention on the Rights of the Child and International Labour Organization Conventions (ILO), and for matters ancillary thereto;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short Title, Extent and Commencement.-** (1) This Bill shall be called the Islamabad Child and Adolescent Labour (Prohibition and Regulation) Bill, 2025.

(2) It extends to the Islamabad Capital Territory.

(3) It shall come into force at once.

2. **Definitions.-** In this Act, unless the context otherwise requires:

(a) "Adolescent" means a person who has attained the age of fourteen years but is under eighteen years;

(b) "Appellate Authority" means a body designated to hear appeals under this Act;

(c) "Child" means a person who has not attained the age of fourteen years;

(d) "Committee" means the Islamabad Child Labour Monitoring Committee constituted under section 8 of the Act;

(e) "Court" means the Court of a District & Sessions Judge;

(f) "Code" means Pakistan Penal Code (Act XLV of 1860);

(g) "Ministry Concerned" means the Ministry to which business of this Act stands allocated;

(h) "employer" means as defined under Industrial Relations Act, 2012 (Act No. X of 2012);

(i) "Establishment" includes any place where business, trade, manufacture, service, industry, agriculture, or economic activity is carried on, with or without profit;

(j) "Family" means the spouse, parents, children, or siblings of a person;

(k) "Hazardous work" means any occupation or process listed in the Schedule to this Act that may harm the health, safety, or morals or development of adolescents;

(l) "Inspector" means an official appointed under this Act to ensure compliance;

(m) "Prescribed" means prescribed by rules made under this Act;

(n) "rules" means rules made under this Act; and

(o) "safe working conditions" means compliance with health and safety standards as prescribed by the Ministry Concerned.

3. **Prohibition on Employment of Children.-** (1) No child shall be employed, permitted, or engaged in work in any capacity in any establishment.

(2) The prohibition under sub-section (1) extends to both paid and unpaid work.

4. **Regulation of Adolescent Labour.-** (1) No adolescent shall be employed in hazardous occupations or processes listed in the Schedule.

(2) The Division Concerned shall, by rules, regulate employment of adolescents in non-hazardous work to ensure,-

(a) safe working conditions;

(b) no interference with education or training;

(c) respect for their dignity and well-being;

(d) access to rest, recreation, and health care during employment; and

(e) supervision by an adult designated by the employer.

5. **Working Hours and Conditions for Adolescents.-** (1) The working hours for an adolescent shall not exceed six hours per day, including a mandatory one-hour break after every three hours of work.

(2) No adolescent shall be permitted to work,-

(a) between 7:00 PM and 8:00 AM;

(b) on a school day; and

(c) in more than one establishment simultaneously.

(3) Weekly rest of one full day shall be provided, declared in advance, and displayed prominently in the establishment.

(4) No adolescent shall be employed unless certified fit for such work by a medical practitioner designated by the Ministry Concerned.

**6. Notice and Registration.-** (1) Every employer shall notify the local Inspector within fifteen days of employing any adolescent, including,-

(i) name and age of the adolescent;
(ii) type of work;
(iii) working hours; and
(iv) proof of enrolment in school or vocational training, if applicable.

(2) A register of adolescent workers shall be maintained by the employer and made available for inspection.

(3) Every employer engaging adolescent workers shall contribute to a Child Protection and Care Fund, as prescribed.

***Explanation:*** Child Protection and Care Fund means the Fund established under section 26 of Islamabad Capital Territory Child Protection Act, 2018 (XXI OF 2018).

**7. Determination of Age.-** (1) Age of child, or as the case may be, adolescent shall be determined based on the registration document issued by National Database and Regulatory Authority.

(2) In the absence of registration document, age shall be medically assessed by a prescribed medical practitioner, whose decision shall be final.

**8. Child Labour Monitoring Committee.-** (1) A Child Labour Monitoring Committee shall be constituted by the Division concerned to,-

(a) advise on policy and legislative measures;
(b) monitor enforcement and coordination with stakeholders;
(c) oversee rehabilitation of children and adolescents; and
(d) publish an annual public report on Child and Adolescent Labour and shall submit such report before each House of Majlis-e-Shoora (Parliament).

(2) The Committee shall comprise:

| | | |
|---|---|---|
| (i) | Secretary of the Division Concerned | Chairperson |
| (ii) | Mayor, Metropolitan Corporation, Islamabad or his nominee | Member |
| (iii) | Member of National Commission on the Rights of Child | Member |

| | | |
|---|---|---|
| | from Islamabad | |
| (iv) | One Member of Islamabad Capital Territory Child Protection Advisory Board | Member |
| (v) | A representative of Islamabad Police not below the rank of BS-20 | Member |
| (vi) | A representative of Ministry of Federal Education and Professional Training not below rank of Deputy Secretary (BS-20) | Member |
| (vii) | One person representing Workers or Labour | Member |
| (viii) | One person representing Employers | Member |
| (ix) | One person representing Civil Society | Member |
| (x) | One person representing non-governmental organizations | Member |
| (xi) | A representative of Ministry Concerned not below rank of Joint Secretary (BS-20) | Secretary Committee |

**9. Penalties.-** (1) Whoever employs a child shall be punished with imprisonment which shall not be less than three months and may extend to one year, or with fine up to fifty thousand rupees, or with both.

(2) Whoever employs an adolescent in hazardous work shall be punished with imprisonment which shall not be less than six months and may extend to three years, or with fine up to five hundred thousand rupees, or with both.

(3) Whoever repeats the offence under this Act shall be punished with imprisonment up to five years and a fine not less than one hundred thousand rupees and up to one million rupees.

(4) Whoever fails to maintain a register or notify under section 6 of this Act shall be punished with a fine up to fifty thousand rupees.

**10. Enforcement and Powers of Inspectors.-** (1) The Ministry Concerned shall appoint inspectors with prescribed qualifications and training for monitoring compliance.

(2) Wherever deemed appropriate, the Inspector may:
- (i) enter and inspect establishments;
- (ii) examine records;
- (iii) interview adolescent workers; and
- (iv) issue directions and notices.

(3) Inspectors appointed under sub-section (1) shall be deemed public servants under section 21 of the Pakistan Penal Code.

**11. Sealing of Establishments.-** (1) If an Inspector finds illegal employment of a child or adolescent, he may, for the reasons to be recorded in writing, seal the premises for a period not exceeding ten days:

Provided that sealing of any premises shall be notified to the relevant municipal authority or union council and respective licensing authority, within twenty-four hours.

(2) An appeal against the action of inspector may be filed within three days to the Appellate Authority which shall be decided by such Authority within seven days.

**12. Legal Proceedings.-** (1) Offences under sub-sections (1), (2) and (3) of section 9 shall be tried summarily.

(2) All offences under this Act shall be cognizable and non-bailable.

**13. Power to make rules.-** The Division Concerned may, subject to previous publication, make the rules for carrying out the purposes of this Act, including:

(i) health and safety standards;
(ii) record-keeping procedures;
(iii) grievance redress mechanisms;
(iv) appointment, qualifications and duties of Inspectors; and
(v) mechanisms for rehabilitation and education of children and adolescents.

**14. Amendment of Schedules.-** The Division Concerned may, by notification in the official Gazette and after consultation with the Committee, amend the Schedule by adding or removing hazardous occupations.

**15. Repeal and Savings.-** (1) The Employment of Children Act, 1991 (V of 1991), is hereby repealed to the extent of Islamabad Capital Territory.

(2) All actions taken under the repealed Act shall be deemed valid if not inconsistent with this Act.

## First Schedule

Hazardous occupations and processes include:

(i) Mining and quarrying
(ii) Handling toxic chemicals
(iii) Work involving electrical installations above 50 volts
(iv) Operating heavy machinery
(iv) Brick kiln operations
(v) Work in slaughterhouses
(vi) Handling explosive substances
(vii) Sewerage and sanitary work
(viii) Any other activity notified by the Ministry concerned

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, under Article 11 clause (3), prohibits the employment of children below the age of fourteen years in any factory, mine or other hazardous employment, and the Article 25-A, guarantees the right to free and compulsory education to all the children of the age of five to sixteen years.

Pakistan is also a signatory to the United Nations Convention on the Rights of the Child and International Labour Organization Conventions No. 138 and No. 182, which place binding obligations on the State to eliminate child labour, regulate the employment of adolescents, and ensure their protection, dignity, and development. The Employment of Children Act, 1991 is now outdated and does not adequately address the current realities or enforcement challenges within the Islamabad Capital Territory.

The Islamabad Child and Adolescent Labour (Prohibition and Regulation) Bill, 2025, seeks to prohibit the employment of children and to regulate the employment of adolescents in non-hazardous occupations through clear legal safeguards. It provides for notification, registration, regulation of working hours and conditions, medical certification, penalties for violations, and the establishment of a Child Labour Monitoring Committee for oversight and coordination. The Bill further empowers Inspectors with enforcement powers, including temporary sealing of premises, and provides mechanisms for rehabilitation, grievance redress, and awareness. The proposed legislation aims to fulfill Pakistan's constitutional and international commitments while replacing the Employment of Children Act, 1991 to the extent of Islamabad Capital Territory with a comprehensive and rights-based legal framework.

**SD/-**
**MS. SEHAR KAMRAN**
Member, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## ممانعت ملازمتِ اطفال اور انضباطِ ملازمتِ نوجوانان در حدود علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کا

## بل

**چونکہ** یہ قرین مصلحت ہے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین، بچوں کے حقوق پر اقوام متحدہ کے کنونشن اور بین الاقوامی لیبر آرگنائزیشن (آئی ایل او) کے کنونشنز کے مطابق بچوں کی ملازمت پر پابندی لگانا اور نوجوانوں کے لیے کام کے حالات اور اس سے متعلقہ دیگر امور کو منضبط کیا جائے تاکہ ان کے تعلیم، وقار، صحت اور تحفظ کے حقوق کو یقینی بنایا جا سکے۔

لہٰذا بذریعہ ہٰذا حسبِ ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:-

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ۔** (۱) بل ہٰذا اسلام آباد ملازمت اطفال و نوجوانان (امتناع و انضباط) بل، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد پر وسعت پذیر ہو گا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **تعریفات۔** ایکٹ میں، بجز اس کے کہ سیاق میں کچھ اور مطلوب ہو:

(الف) "نوجوان" سے مراد وہ شخص ہے جو چودہ (۱۴) سال کی عمر کو پہنچ چکا ہو لیکن اٹھارہ (۱۸) سال سے کم عمر کا ہو؛

(ب) "اپیلیٹ اتھارٹی" سے مراد اس ایکٹ کے تحت اپیلوں کی سماعت کے لیے نامزد کردہ ادارہ ہے؛

(ج) "بچہ" سے مراد وہ شخص ہے جو چودہ (۱۴) سال کی عمر کو نہ پہنچا ہو؛

(د) "کمیٹی" سے مراد اس ایکٹ کی دفعہ ۸ کے تحت تشکیل دی گئی اسلام آباد چائلڈ لیبر مانیٹرنگ کمیٹی ہے؛

(ہ) "عدالت" سے مراد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشنز جج کی عدالت ہے؛

(و) "مجموعہ" سے مراد مجموعہ تعزیرات پاکستان (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) ہے؛

(ز) "متعلقہ وزارت" سے مراد وہ وزارت ہے جسے اس ایکٹ کے امور تفویض کیے گئے ہوں؛

(ح) "آجر" سے مراد وہ ہے جیسا کہ انڈسٹریل ریلیشنز ایکٹ، ۲۰۱۲ء (ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۲ء) کے تحت تعریف کی گئی ہے؛

(ط) "ادارہ" میں کوئی بھی ایسی جگہ شامل ہے جہاں کاروبار، تجارت، پیداوار، خدمت، صنعت، زراعت، یا معاشی سرگرمی منافع کے ساتھ یا بغیر منافع کے کی جاتی ہو؛

(ی) "خاندان" سے مراد کسی شخص کا شریکِ حیات، والدین، بچے، یا بہن بھائی ہیں؛

(ک) "خطرناک کام" سے مراد اس ایکٹ کے جدول میں درج کوئی بھی پیشہ یا عمل ہے جو نوجوانوں کی صحت، حفاظت، یا اخلاق یا نشوونما کو نقصان پہنچا سکتا ہو؛

(ل) "انسپکٹر" سے مراد اس ایکٹ کے تحت تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے مقرر کردہ ایک اہلکار ہے؛

(م) "تجویز کردہ" سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد کے ذریعے تجویز کردہ ہے؛

(ن) "قواعد" سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد ہیں؛اور

(س) "محفوظ کام کے حالات" سے مراد صحت اور حفاظت کے ان معیارات کی تعمیل ہے جو متعلقہ وزارت کی طرف سے تجویز کیے گئے ہوں۔

۳۔ **بچوں کی ملازمت پر پابندی۔** (۱) کسی بھی بچے کو کسی بھی ادارے میں کسی بھی حیثیت میں ملازم نہیں رکھا جائے گا، کام کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، یا کام میں مشغول نہیں کیا جائے گا۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت پابندی کا اطلاق معاوضے پر اور بغیر معاوضے دونوں کام پر ہو گا۔

۴۔ **نوجوانوں کی مزدوری کا انضباط۔** (۱) کسی بھی نوجوان کو جدول میں درج خطرناک پیشوں یا کاموں میں ملازم نہیں رکھا جائے گا۔

(۲) متعلقہ ڈویژن، قواعد کے ذریعے، غیر خطرناک کاموں میں نوجوانوں کی ملازمت کو منضبط کرے گی تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ،۔

(الف) کام کے محفوظ حالات ہوں؛

(ب) تعلیم یا تربیت میں کوئی مداخلت نہ ہو؛

(ج) ان کے وقار اور فلاح و بہبود کا احترام ہو؛

(د) ملازمت کے دوران آرام، تفریح، اور صحت کی دیکھ بھال تک رسائی؛اور

(ہ) آجر کی طرف سے نامزد کردہ کسی بالغ کی نگرانی۔

۵۔ **نوجوانوں کے لیے کام کے اوقات اور حالات۔** (۱) کسی نوجوان کے لیے کام کے اوقات روزانہ چھ گھنٹے سے زیادہ نہیں ہوں گے، جس میں ہر تین گھنٹے کے کام کے بعد ایک گھنٹے کا لازمی وقفہ شامل ہو گا۔

(۲) کسی بھی نوجوان کو کام کرنے کی اجازت نہیں ہو گی،۔

(الف) شام ۷:۰۰ بجے سے صبح ۸:۰۰ بجے کے درمیان؛

(ب) اسکول کے دن؛اور

(ج) بیک وقت ایک سے زیادہ اداروں میں۔

(۳) ہفتہ وار ایک پورے دن کی چھٹی فراہم کی جائے گی، جس کا پیشگی اعلان کیا جائے گا اور ادارے میں نمایاں طور پر آویزاں کیا جائے گا۔

(۴) کسی بھی نوجوان کو اس وقت تک ملازم نہیں رکھا جائے گا جب تک کہ متعلقہ وزارت کی طرف سے نامزد کردہ کوئی میڈیکل پریکٹیشنر اسے اس طرح کے کام کے لیے موزوں قرار نہ دے دے۔

۶۔ **اطلاع اور اندراج۔** (۱) ہر آجر کسی بھی نوجوان کو ملازم رکھنے کے پندرہ (۱۵) دنوں کے اندر مقامی انسپکٹر کو مطلع کرے گا، جس میں حسب ذیل شامل ہو گا،۔

(i) نوجوان کا نام اور عمر؛

(ii) کام کی نوعیت؛

(ii) کام کے اوقات؛اور

(iv) اگر قابل اطلاق ہو تو، اسکول یا پیشہ ورانہ تربیت میں داخلے کا ثبوت۔

(۲) آجر کے ذریعے نوجوان کارکنوں کا ایک رجسٹر برقرار رکھا جائے گا اور معائنہ کے لیے دستیاب کیا جائے گا۔

(۳) نوجوان کارکنوں کو ملازم رکھنے والا ہر آجر، تجویز کردہ طریقے کے مطابق چائلڈ پروٹیکشن اینڈ کیئر فنڈ میں حصہ ڈالے گا۔

**وضاحت**: چائلڈ پروٹیکشن اینڈ کیئر فنڈ سے مراد وہ فنڈ ہے جو علاقہ دارالحکومت اسلام آباد و تحفظ بچگان ایکٹ، ۲۰۱۸ء (نمبر ۲۱ بابت ۲۰۱۸ء) کی دفعہ ۲ کے تحت قائم کیا گیا ہے۔

۷۔ **عمر کا تعین**۔ (۱) بچے، یا حسبِ صورت، نوجوان کی عمر کا تعین نیشنل ڈیٹابیس اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کی طرف سے جاری کردہ رجسٹریشن دستاویز کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

(۲) رجسٹریشن دستاویز کی عدم موجودگی میں، عمر کا طبّی طور پر جائزہ ایک تجویز کردہ میڈیکل پریکٹیشنر کے ذریعے کیا جائے گا، جس کا فیصلہ حتمی ہو گا۔

۸۔ **چائلڈ لیبر مانیٹرنگ کمیٹی**۔ (۱) متعلقہ ڈویژن کی طرف سے ایک چائلڈ لیبر مانیٹرنگ کمیٹی تشکیل دی جائے گی تاکہ :-

(الف) پالیسی اور قانون سازی کے اقدامات پر مشورہ دے؛

(ب) نفاذ کی نگرانی اور شراکت داروں کے ساتھ ہم آہنگی پیدا کرے؛

(ج) بچوں اور نوجوانوں کی بحالی کی نگرانی کرے؛اور

(د) بچوں اور نوجوانوں کی مشقت پر ایک سالانہ عوامی رپورٹ شائع کرے اور ایسی رپورٹ مجلسِ شوریٰ (پارلیمان) کے ہر ایوان کے سامنے پیش کرے۔

(۲) کمیٹی مندرجہ ذیل پر مشتمل ہو گی:

| | | |
|---|---|---|
| (i) | سیکرٹری، متعلقہ ڈویژن | چیئرپرسن |
| (ii) | میئر، میٹروپولیٹن کارپوریشن، اسلام آباد یا ان کا نامزد کردہ نمائندہ | رکن |
| (iii) | قومی کمیشن برائے حقوقِ اطفال کا اسلام آباد سے رکن | رکن |
| (iv) | علاقہ دارالحکومت اسلام آباد و تحفظ و بچگان مشاورتی بورڈ کا ایک رکن | رکن |
| (v) | اسلام آباد پولیس کا ایک نمائندہ جو بی ایس-۲۰ کے عہدے سے کم نہ ہو | رکن |
| (vi) | وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کا ایک نمائندہ جو ڈپٹی سیکرٹری (بی ایس-۲۰) کے عہدے سے کم نہ ہو | رکن |

| | | |
|---|---|---|
| (vii) | کارکنان یامزدوروں کی نمائندگی کرنے والاایک شخص | رکن |
| (viii) | آجران کی نمائندگی کرنے والاایک شخص | رکن |
| (ix) | سول سوسائٹی کی نمائندگی کرنے والاایک شخص | رکن |
| (x) | غیر سرکاری تنظیموں کی نمائندگی کرنے والاایک شخص | رکن |
| (xi) | متعلقہ وزارت کاایک نمائندہ جوجوائنٹ سیکرٹری(بی ایس-۲۰)کے عہدے سے کم نہ ہو | سیکرٹری کمیٹی |

۹۔ **سزائیں۔** (۱) جو کوئی کسی بچے کو ملازم رکھے گا اسے قید کی سزا دی جائے گی جو تین ماہ سے کم نہ ہو گی اور ایک سال تک ہو سکتی ہے، یا پچاس ہزار (۵۰,۰۰۰) روپے تک جرمانہ، یا دونوں سزائیں دی جائیں گی۔

(۲) جو کوئی کسی نوجوان کو خطرناک کام پر ملازم رکھے گا اسے قید کی سزا دی جائے گی جو چھ ماہ سے، کم نہ ہو گی اور تین سال تک ہو سکتی ہے، یا پانچ لاکھ (۵۰۰,۰۰۰) روپے تک جرمانہ، یا دونوں سزائیں دی جائیں گی۔

(۳) جو کوئی اس ایکٹ کے تحت جرم کا اعادہ کرے گا اسے پانچ سال تک قید اور ایک لاکھ (۱۰۰,۰۰۰) روپے سے کم نہ ہو اور دس لاکھ (۱,۰۰۰,۰۰۰) روپے تک کا جرمانہ ہو گا۔

(۴) جو کوئی اس ایکٹ کی دفعہ کے تحت رجسٹر برقرار رکھنے یا مطلع کرنے میں ناکام رہے گا اسے پچاس ہزار (۵۰,۰۰۰) روپے تک جرمانہ کیا جائے گا۔

۱۰۔ **نفاذ اور انسپکٹروں کے اختیارات۔** (۱) متعلقہ وزارت تعمیل کی نگرانی کے لیے تجویز کردہ قابلیت اور تربیت کے حامل انسپکٹر تعینات کرے گی۔

(۲) جہاں بھی مناسب سمجھا جائے، انسپکٹر حسب ذیل کر سکتا ہے:

(i) اداروں میں داخل ہو کر معائنہ کرنا؛

(iii) ریکارڈ کی جانچ پڑتال کرنا؛

(iv) نوجوان کارکنوں سے پوچھ گچھ کرنا؛ اور

(iv) ہدایات اور نوٹس جاری کرنا۔

(۳) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت مقرر کردہ انسپکٹروں کو مجموعہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۲۱ کے تحت سرکاری ملازم سمجھا جائے گا۔

۱۱۔ **اداروں کو سربمہر کرنا۔** (۱) اگر کوئی انسپکٹر کسی بچے یا نوجوان کی غیر قانونی ملازمت پاتا ہے، تو وہ، وجوہات تحریری طور پر درج کرنے کے بعد، احاطے کو زیادہ سے زیادہ دس (۱۰) دن کی مدت کے لیے سربمہر کر سکتا ہے:

مگر شرط یہ ہے کہ کسی بھی احاطے کو سربمہر کرنے کی اطلاع چوبیس (۲۴) گھنٹے کے اندر متعلقہ میونسپل اتھارٹی یا یونین کونسل اور متعلقہ لائسنسنگ اتھارٹی کو دی جائے گی۔

(۲) انسپکٹر کی کارروائی کے خلاف اپیل تین (۳) دن کے اندر اپیلیٹ اتھارٹی کو دائر کی جاسکتی ہے جسے ایسی اتھارٹی سات (۷) دن کے اندر طے کرے گی۔

۱۲۔ **قانونی کارروائی۔** (۱) دفعہ ۹ کی ذیلی دفعہ (۱)، (۲) اور (۳) کے تحت جرائم کی سماعت سرسری طور پر کی جائے گی۔

(۲) اس ایکٹ کے تحت تمام جرائم قابل دست اندازی اور ناقابل ضمانت ہوں گے۔

۱۳۔ **قواعد بنانے کا اختیار۔** متعلقہ ڈویژن، پیشگی اشاعت کے بعد، اس ایکٹ کے مقاصد کو پورا کرنے کے لیے قواعد بناسکتی ہے، جن میں حسب ذیل شامل ہیں:

(i) صحت اور حفاظت کے معیارات؛

(ii) ریکارڈ رکھنے کے طریقہ کار؛

(iii) شکایات کے ازالے کے طریقہ کار؛

(v) انسپکٹروں کی تقرری، قابلیت اور فرائض؛ اور

(vi) بچوں اور نوجوانوں کی بحالی اور تعلیم کے طریقہ کار۔

۱۴۔ **جدول میں ترمیم۔** متعلقہ ڈویژن، سرکاری جریدہ میں اعلان کے ذریعے اور کمیٹی سے مشاورت کے بعد، خطرناک پیشوں کو شامل یا ہٹا کر جدول میں ترمیم کرسکتی ہے۔

۱۵۔ **تنسیخ اور استثناء۔** (۱) ملازمت بچگان ایکٹ، ۱۹۹۱ء (نمبر ۵ بابت ۱۹۹۱ء) کو، علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کی حد تک، بذریعہ ہذا منسوخ کیا جاتا ہے۔

(۲) منسوخ شدہ ایکٹ کے تحت کیے گئے تمام اقدامات کو درست سمجھا جائے گا اگر وہ اس ایکٹ سے متصادم نہ ہوں۔

## پہلا جدول

## خطرناک پیشے اور کام

خطرناک پیشوں اور کاموں میں حسب ذیل شامل ہیں:

(i) کان کنی اور پتھر نکالنا

(ii) زہریلے کیمیکلز سے نمٹنا

(ii) ۵۰ وولٹ سے زیادہ کی برقی تنصیبات سے متعلق کام

(iv) بھاری مشینری چلانا

(v) بھٹہ خشت کا کام

(vi) مذبح خانوں میں کام

(vii) دھماکہ خیز مواد سے نمٹنا

(viii) سیوریج اور صفائی کا کام

(ix) متعلقہ وزارت کی طرف سے مطلع کردہ کوئی دوسری سرگرمی

## بیانِ اغراض ووجوہ

اسلامی جمہوریہ پاکستان کا دستور، آرٹیکل ۱۱ کی شق (۳) کے تحت، چودہ (۱۴) سال سے کم عمر کے بچوں کو کسی بھی فیکٹری، کان یا دیگر خطرناک ملازمت میں رکھنے پر پابندی عائد کرتا ہے، اور آرٹیکل ۲۵-الف، پانچ (۵) سے سولہ (۱۶) سال کی عمر کے تمام بچوں کو مفت اور لازمی تعلیم کے حق کی ضمانت دیتا ہے۔

پاکستان بچوں کے حقوق پر اقوامِ متحدہ کے کنونشن اور بین الاقوامی لیبر آرگنائزیشن کے کنونشنز نمبر ۱۳۸ اور نمبر ۱۸۲ پر بھی دستخط کنندہ ہے، جو ریاست پر بچوں کی مزدوری کے خاتمے، نوجوانوں کی ملازمت کو منضبط کرنے، اور ان کے تحفظ، وقار، اور ترقی کو یقینی بنانے کی پابند ذمہ داریاں عائد کرتے ہیں۔ ملازمت بچگان و نوجوانان ایکٹ، ۱۹۹۱ء اب پرانا ہو چکا ہے اور علاقہ دار الحکومت اسلام آباد کے اندر موجودہ حقائق یا نفاذ کے چیلنجز سے مناسب طور پر نہیں نمٹتا۔

اسلام آباد ملازمت بچگان و نوجوانان (امتناع وانضباط) بل، ۲۰۲۵ء کا مقصد واضح قانونی تحفظات کے ذریعے بچوں کی ملازمت پر پابندی لگانا اور غیر خطرناک پیشوں میں نوجوانوں کی ملازمت کو منضبط کرنا ہے۔ یہ اطلاع، رجسٹریشن، کام کے اوقات اور حالات کے انضباط، طبی سرٹیفیکیشن، خلاف ورزیوں پر سزاؤں، اور نگرانی و رابطہ کاری کے لیے چائلڈ لیبر مانیٹرنگ کمیٹی کے قیام کا اہتمام کرتا ہے۔ یہ بل مزید انسپکٹروں کو نفاذ کے اختیارات سے لیس کرتا ہے، بشمول احاطے کی عارضی سربمری، اور بحالی، شکایات کے ازالے، اور آگاہی کے لیے طریقہ کار فراہم کرتا ہے۔ اس مجوزہ قانون سازی کا مقصد پاکستان کی آئینی اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کو پورا کرنا ہے جبکہ ملازمت بچگان ایکٹ، ۱۹۹۱ء کو علاقہ دار الحکومت اسلام آباد کی حد تک ایک جامع اور حقوق پر مبنی قانونی ڈھانچے سے تبدیل کرنا ہے۔

دستخط/-

محترمہ سحر کامران

رکن، قومی اسمبلی